# اصول الشاشی ششماہی اول تعریفات (خاص تا قبل از نہی)

کاوش:: محمد معظم رضا خاکی عطاری (مدرس جامعۃ المدینہ علی پور)

## خاص

ہر وہ لفظ جسے کسی معنی معلوم کیلئے یا مسمیٰ معلوم کیلئے انفرادی طور پر وضع کیا گیا ہو

## عام

ہر وہ لفظ جو تمام افراد کو لفظاً یا معنیً شامل ہو

## عام مخصوص

جس عام کے حکم میں سے ایک یا بعض افراد کو خارج کر دیا جائے

## عام غیر مخصوص

جس عام کے حکم میں سے کوئی فرد خارج نہ ہو

## مطلق

وہ اسم جس سے بغیر کسی قید کے مسمیٰ مراد لیا جائے خواہ وہ صفت ہو یا اسم جنس

## مقید

وہ اسم جس سے مع القید مسمیٰ مراد لیا جائے خواہ وہ صفت ہو یا اسم جنس

## مشترک

وہ لفظ جسے دو یا دو سے زائد مختلف معانی کیلئے وضع کیا گیا ہو

## موول

جب غالب رائے سے مشترک کے کسی معنی کو ترجیح حاصل ہو جائے تو موول بن جاتا ہے

## حقیقت

واضع لغت نے جس لفظ کو جس معنی کیلئے وضع کیا ہے اگر وہ اس معنی میں استعمال ہو تو وہ حقیقت ہے

## مجاز

واضع لغت نے جس لفظ کو جس معنی کیلئے وضع کیا ہے اگر وہ اس معنی میں استعمال نہ ہو تو وہ مجاز ہے

## حقیقت متعذرہ

ایسی حقیقت جس پر عمل مشکل ہو

## حقیقت مہجورہ

ایسی حقیقت جس پر عمل تو آسان ہو لیکن لوگوں نے چھوڑ دیا ہو

## حقیقت مستعملہ

ایسی حقیقت جس پر عمل کیا جاتا ہو اگرچہ اس کے مجاز پر بھی عمل ہو

## حقیقت قاصرہ

ایسی حقیقت جس کے بعض افراد مراد لیے جائیں

## صریح

ایسا لفظ جس کی مراد واضح ہو اس طرح کی جب بولا جائے تو مراد سمجھ آجائے

## کنایہ

ایسا لفظ جس کی مراد پوشیدہ ہو

## متقابلات

وہ آٹھ چیزیں جو ایک دوسرے کے مقابلے میں واقع ہوتی ہیں

## ظاہر

وہ کلام کس کی مراد فقط سنتے ہی سامع پر ظاہر ہو جائے غور و فکر کی حاجت نہ ہو

## نص

ایسا کلام جسے جس معنی کیلئے چلایا گیا ہو تو وہ اس معنی میں نص کہلاتا ہے

## مفسر

وہ کلام جس کی مراد متکلم کے بیان سے ایسی ظاہر ہو کہ مزید تخصیص و تاویل کا احتمال باقی نہ رہے

## محکم

وہ کلام جامیں متکلم کی مراد مفسر سے اس قدر زیادہ ظاہر ہو کہ اس کا خلاف بالکل جائز نہ ہو

## خفی

وہ لفظ جس کی مراد کسی عارض کی وجہ سے پوشیدہ ہو نہ کہ صیغے کی حیثیت سے

## مشکل

وہ لفظ جس میں خفی سے زیادہ خفا اور پوشیدگی ہو اور اپنے دیگر افراد میں اس طرح گھل مل گیا ہو کہ اس پہچان مشکل ہو جائے حتیٰ کہ معانی کی طلب اور پھر غور وفکر اسے بقیہ سے ممتاز کردے

## مجمل

وہ لفظ جو کئی معانی کا احتمال رکھتا ہو اور متکلم کی جانب سے بیان کرنے پر ظاہر ہو جائے

## متشابہ

وہ لفظ جس کی مراد دنیا والوں کو معلوم نہ ہوا گرچہ آخرت میں معلوم ہو

## عبارت النص

کسی حکم کو ثابت کرنے کیلئے جو کلام چلایا جائے تو وہ عبارات النص کہلاتا ہے

## اشارۃ النص

نص سے بغیر کسی زیادتی کے جو معنیٰ و حکم اشارۃً سمجھ میں آرہا ہو تو وہ اشارۃ النص کہلاتا ہے

## دلالۃ النص

ایسا معنیٰ جو لغوی طور پر حکم منصوص علیہ کیلئے علت بنے

## اقتضاء النص

نص پر ایسی زیادتی جس کے بغیر نص کا معنٰی درست نہ ہو

## امر

کسی کا کسی افعل کہنا یعنی دوسرے پر فعل کو لازم کرنے کا تصرف

## امر مطلق

وہ امر جس پر کسی قرینے یا کسی دلیل سے یہ نہ معلوم ہو کہ اس پر عمل ضروری ہے یا نہیں

## مطلق عن الوقت

وہ مامور بہ جس کی ادائیگی کسی وقت کے ساتھ خاص نہ ہو کہ اس وقت کے گزر جانے سے فوت ہو جائے

## مقید بالوقت

وہ مامور بہ جس کی ادائیگی کسی وقت کے ساتھ خاص ہو کہ اس کے گزر جانے سے قضاء کہلائے

## مامور بہ حسن بنفسہ

وہ مامور بہ جس میں بذات خود اچھائی پائی جائے

## مامور بہ حسن لغیرہ

وہ مامور بہ جو غیر کی وجہ سے اچھا ہو

## مامور بہ ادا

عین واجب کو اس کے مستحق کے حوالے کرنا

# مامور بہ قضاء

مثل واجب کو اس کے مستحق کے حوالے کرنا

# ادائے کامل

عینِ واجب کو صحیح طور پر تمام حقوق کے ساتھ بجالانا

# ادائے قاصر

عین واجب کو صفت میں کچھ نقصان کے ساتھ بجالانا

# قضائے کامل

مستحق تک ایسی چیز پہچانا جو صورۃً اور معنیً دونوں طرح واجب کی مثل ہو

# قضائے قاصر

مستحق تک ایسی چیز پہچانا جو صرف معنیً واجب کی مثل ہو